Pakistan Studies - ICOM Part 2 Pak Studies Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Test

Q1. قانون کی تعلیم سے کیا مرا دہے.

Ans 1: دنیا کے تمام ممالک امن و امان قائم رکھنے اور اپنے شہریوں کے درمیان عدل و انصاف کے لیے قوانین بناتے ہیں- اس کے لیے قانون کی تعلیم لازمی ہوتی ہے- پاکستان میں جج اور وکیل بننے کے لیے ایل-ایل - بی ہونا ضروری ہے- قانون کی تعلیم کے اداروں میں گریجویٹ طلبہ کو داخلہ دیا جاتا ہے- اب پانچ سالہ ایل ایل بی پروگرام بھی جاری ہیں جن میں انٹرمیڈیٹ کے بعد داخلہ لیا جاتا ہے- میز ، پاکستان کی ینوی ورسٹیوں میں ایل ایل ایم ، ایل ایل ڈی اور شریعہ لا کی تعلیم بھی دی جارہی ہے.

Q2. میڈیکل کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: انسان صحت کو قائم رکھنے کے لیے کسی بھی معاشرے میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کا ہونا ضروری ہے- انسان جان اور صحت کو ہر معاشرہ میں بہت اہمیت دی جاتی ہے- ہر سانان کو اپنی زندگی میں علاج کی ضرورت پیش آتی ہے- پاکستان میں اس ضرورت کو پوری کرنے کے لیے حکومت نے اعلی سطح پر میڈیک کالج اور یونی ورسٹیاں کی ہیں- جہاں ایف - ایف-ای -سی کے بعد طلبہ کو انٹری ٹیست کے زریعے سے داخلہ ملتا ہے. نرسنگ اور ہسپتالوں میں کام کرنے والے دوسرے عملے کی تربیت کے لیے بھی ادارے قائم کیے جاچکے ہیں-

---

Q3. اعلی ثانوی تعلیم کو تحریر کریں-

Ans 1: ہائیر سیکنڈری تعلیم میں گیارھویں اور بارہویں جماعتیں شامل ہیں- اس سکیم کے تحت چلنےو الے سکولوں کو ہائیر سیکنڈری سکول کا نام دیا گیا ہے. اس درجے میں مضامین کے زیادہ گروپ بنادیے جاتے ہیں- تاکہ طلبہ و طالبات پشہ وارانہ یا اعلی تعلیم کے ادراوں میں داخلہ لے سکیں- اس وقت گیارھویں اور بارھویں جماعت کے لیے طلبہ و طالبات ہائیر سکینڈری سکولوں یا کالجوں میں بھی داخلہ لے سکتے ہیں-نویں سے بارھویں جماعتوں کے امتحانات کو بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجچوکیشن منعقد کرواتا ہے.

Q4. پاکستان میں تعلیمی مسائل کون سے ہیں-

Ans 1: فرسودہ نظام تعلیم - نظریاتی اساس کا فقدان - ناقص طریقہ امتحانات -محدود تعلیمی وسائل -مقصد تعلیم - اساتذہ کی کمی - ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان

Q5. بزنس اور کامرس کی تعلی تحریر کریں-

Ans 1: بینکنگ ، دفتری امور، تشہیر ، تجارتی انتظامات اور ٹیکسٹائل کے شعبوں میں بی بی اے ، بی کام، ایم کام ، ایم بی اے وغیرہ کی تعلیم حآصل کرنے والوں کی مانگ ہے- اس کے لیے نجی اور حکومت کے قائم کردہ ادارے اور کمرشل کالج ہر شہر میں کام کررہے ہیں-

---

Q6. نیم رسمی تعلیم سے کیا مرادہے.

Ans 1: یہ تعلیم بھی دراصل رسمی تعلیم ہی کا ایک حصہ ہوتی ہے- تعلیمی مقاصد اور نصاب بھی طے شدہ ہوتا ہے لیکن باقاعدہ تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں نہیں لہایا جاتا- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی کلاسز تعلیم بالغاں کے مراکز ، مختلف کلاسز کے مختلف مضامین کی تیاری کے لیے ٹیوشن سنٹر اور اکیڈمیز غیر رسمی تعلیم کی مثالین ہیں- اس تعلیم کے لیے مختلف اساتذہ سے جزوقتی کام لے کر مختلف کورسز کی تدریس کا اہتمام کیاجاتا ہے جب کہ اساتذہ کی باقاعدہ بھرتی عمل میں نہیں آتی

Q7. ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم سیکنڈری تعلیم کہلاتی ہے. اس تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے - یہ تعلیم ابتدائی تعلیم اور اعلی تعلیم کے درمیان ایک پل کا کام دیتی ہے. اس درجے میں آرٹس ، سائنس ، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے. یہاں سے طلبہ کے مستقبل کے لیے خدو خال واضح ہونا شروع ہوجاتے ہیں- ثانوی

تعلیم اگلے مدارج کے لیے ایک لانچنگ پیڈ کی حیثیت رکھتی ہے.

Q8. پرائمری اور ایلمنٹری تعلیم کسے کہا جاتا ہے.

Ans 1: پاکستان میں پہلی سے پانچویں جماعت تک کی تعلیم کو پرائمری تعلیم کہا جاتا ہے. جب کہ پہلے سےآٹھویں جماعت تک ی تعلیم مجموعی طور پر ایلمنٹری یا ابتدائی تعلیم کہلاتی ہے. اس کی تکمیل کے لیے سکول میں داخلے کے بعد آٹھ سال درکار ہوتے ہیں-

---

Q9. پاکستان میں پروفیشنل ، ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کے نام تحریر کریں-

Ans 1: میڈیکل کی تعلیم - انجینئرنگ کی تعلیم - قانون کی تعلیم - زرعی تعلیم بزنس اور کامرس کی تعلیم - کمپیوٹر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم ہوم اکنامکس- تربیت اساتذہ - پاکستان میں سپیشل تعلیم - پاکستان میں مدارس کا نظام تعلیم - پاکستان میں فاصلاتی نظام تعلیم

Q10. ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: نویں اور دسویں جماعتوں کی تعلیم سیکنڈری تعلیم کہلاتی ہے. اس تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے - یہ تعلیم ابتدائی تعلیم اور اعلی تعلیم کے درمیان ایک پل کا کام دیتی ہے. اس درجے میں آرٹس ، سائنس ، کمپیوٹر سائنس اور کامرس کی تعلیم دی جاتی ہے. یہاں سے طلبہ کے مستقبل کے لیے خدو خال واضح ہونا شروع ہوجاتے ہیں- ثانوی تعلیم اگلے مدارج کے لیے ایک لانچنگ پیڈ کی حیثیت رکھتی ہے.
